# علامات کو جاننا

## ہاکسبری - نیپیان (HAWKESBURY-NEPEAN) وادی میں سیلاب کی تنبیہ کرنے والی علامات کیا ہیں؟

## یہاں اہم سیلابوں کی کیا وجوہات ہیں

ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں زیادہ تر بڑے سیلابوں کا باعث ہوا کے شدید کم دباو کا نظام ہے جسے ایسٹ کوسٹ لوز (East Coast Lows) کے نام سے جانا جاتا ہے۔

موسم کا یہ نظام کسی بھی وقت وقوع پذیر ہو سکتا ہے اور سال میں کئی مرتبہ ایسا ہو سکتا ہے۔ خزاں اور سردیوں میں یہ زیادہ عام ہو جاتے ہیں اور اکثر تیزی سے راتوں رات شدت اختیار کرلیتے ہیں۔ یہ اسی وجہ سے اس علاقے کو متاثر کرنے والے سب سے زیادہ خطرناک موسمی نظام بن جاتے ہیں۔

وادی کا منفرد جغرافیہ بھی اس علاقے میں سیلاب کی شدت اور گہرائی پر اثرانداز ہوتا ہے۔ زیادہ تر دریائی وادیاں سمندر کے قریب جاکر وسیع ہو جاتی ہیں۔ ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی کا معاملہ اس کے برعکس ہے۔ سیکویل (Sackville) اور بروکلین (Brooklyn) کے درمیان بہاو کی جگہ تنگ سینڈاسٹون کی چٹانوں کی بنی گھاٹیوں کے باعث قدرتی طور پر تنگ مقامات بن جاتے ہیں جس سے ’نہانے والے حوض کا اثر‘ پیدا ہوجاتا ہے۔

سیلابی پانی تیزی سے اکٹھا ہوجاتا ہے اور اونچا ہونا شروع ہوجاتا ہے، جس کے باعث سیلابی میدان میں گہرا اور پھیلا ہوا سیلاب آجاتا ہے۔ بالکل کسی نہانے والے حوض کیطرح جس میں پانچ ٹونٹیاں چل رہی ہوں (بڑی معاون ندیاں)، لیکن پانی کے نکلنے کے لیے ایک ہی پلگ والا سوراخ ہو۔

ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں سیلابی غلبے اور قحط کے غلبے کے ادوار آنے کا ایک پیٹرن ہے۔ یہ ادوار عمومی طور پر 30 تا 50 سالوں کے عرصے پر محیط ہوتے ہیں۔ ہم آجکل قحط کے غلبے کے دور کے تیسویں سال میں سے گزر رہے ہیں۔ اب بات یہ نہیں ہے کہ ’کیا‘ ایک اور بڑا سیلاب آئیگا، بات یہ ہے کہ ’کب‘ آئیگا۔

ٹاونسویل (Townsville) میں آنے والے حالیہ سیلابوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک قحط سے متاثرہ علاقہ جہاں ڈیم کی سطحیں کم ہوں اور پانی کی پابندیاں لاگو ہوں اسے چند ہفتوں کے اندر اندر تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔




ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی کے سیلاب میں معاون ندیوں کا حصہ
(تاریخی سیلاب ڈیٹا کی بنیاد پر )

## انتباہ کی قدرتی علامات کیا ہیں؟

ہر سیلاب مختلف ہوتا ہے، اس لیے ماضی میں جسکا آپ کو تجربہ ہو چکا ہے یا جو کچھ سنا ہے، اس پر آپ بھروسہ نہیں کرسکتے۔

یہ بات اہم ہے کہ موسمی رپورٹوں پر کان دھرے جائیں اور چند ابتدائی طور پرخبردار کرنے والی علامات کے بارے میں آگاہ رہا جائے جیسا کہ:

- شدیداور/ یا طویل بارشوں کی پیشین گوئی
- علاقے کو متاثر کرنے والے ایسٹ کوسٹ لوز (East Coast Lows)
- شدید، لگا تار بارشیں بہاؤ کے اوپری طاس میں ہو رہی ہوں جیسا کہ بلیوماونٹینز (Blue Mountains)، سدرن ہائی لینڈز (Southern Highlands)، گولبرن (Goulburn) اور والنڈیلی ریجنز (Wollondilly) میں۔

ہوسکتا ہے کہ ہاکسبری- نیپیان (-Hawkesbury Nepean) وادی میں، شدید بارش ہونے اور انخلا کرنے کے بارے میں بتائے جانے کے درمیان **صرف چند گھنٹے کی تنبیہ** ہو۔

زیادہ تر صورتوں میں انخلا کے بارے میں بتائے جانے سے قبل آپ اپنے مضافات میں سیلاب نہیں دیکھ سکیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ معلومات کے لیے آپ کا بہترین ذریعہ سرکاری تنبیہات ہیں۔



1988 میں ونڈسر (Windsor) اور میکگریتھ ہلز (McGraths Hill)

# سرکاری تنبیہات اور مشورے

بیورو آف میٹرولوجی (بیورو) کی جانب سے ان کی ویب سائیٹ پر اور این ایس ڈبلیو اسٹیٹ ایمرجنسی سروس ( این ایس ڈبلیو ایس ای ایس) کی جانب سے ریڈیو اسٹیشنوں پر اور این ایس ڈبلیو ایس ای ایس سوشل میڈیا پر سرکاری تنبیہات اور مشورے دیئے جاتے ہیں ۔

بیورو بارش اور سیلاب کے پیمانوں کو سیلابی پانی کے آنے کے وقت اور گہرائی کے بارے میں پیشین گوئی کے لیے استعمال کرتا ہے ۔ این ایس ڈبلیو ایس ای ایس کے ساتھ تعاون سے کام کرتے ہوئے، بیورو تین قسم کی متعلقہ پیشین گوئیاں اور تنبیہات جاری کرتا ہے:

- **ایک فلڈ واچ** جلدی مشورہ دیتا ہے کہ سیلاب پیدا کرنے والی بارش مستقبل قریب میں واقع ہونے کی توقع ہے۔ نوٹ: ایک فلڈ واچ کو روزانہ اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے لیکن یہ فوری سیلاب آنے کی *تنبیہ نہیں ہوتی۔*
- **ایک فلڈ کی تنبیہ** جاری کی جاتی ہے جب بیورو کو اس بات کا زیادہ یقین ہوتا ہےکہ کسی خاص علاقے میں سیلاب متوقع ہے اور یہ عام طور پر اسوقت جاری کی جاتی ہے جب بارش برسنا شروع ہو جاتی ہے۔
- **ایک خطرناک موسم کی تنبیہ** جاری کی جاتی ہے اس تیز بارش کے لیے جو تیزرفتار سیلاب کا باعث بن سکتی ہو یا ان غیرمعمولی اونچی لہروں کے لیے جو سیلاب لا سکتی ہوں۔ شدید بارش کے بعد مقامی طور پر تیزرفتار سیلاب آتا ہے اور اسے خشک زمین پر سیلاب کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔

سیلاب سے پہلے اور اس کےدوران این ایس ڈبلیو ایس ای ایس جاری کرتی ہے:

- **مختصر اعلانیہ** جو ممکنہ سیلابی نتائج اور آپ کو خود کو اور اپنی جائیداد کو محفوظ کرنے کے لیے کیا اقدامات کرنے چاہیں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔
- **انخلا کی تنبیہات** جوخبردار کرتی ہیں کہ کب انخلاکے راستوں کے کٹ جانے کا امکان ہے اور کب سیلابی پانی سے املاک کے ڈوب جانے کی توقع ہے۔ ان تنبیہات کا مقصد لوگوں کو انخلا کے لیے تیا ر کرنا ہے اور اگر انخلا کا حکم جاری ہوجائے تو جلدی سے اس پر ردعمل دینا ہے۔
- **انخلاکے احکامات** جو لوگوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ انخلا کے لیے کیا کرنا چاہیے اور کہاں جانا چاہیے۔ ممکن ہے کہ کسی انخلا کے حکم کو جو آپ سے متعلقہ ہے آپ ریڈیو اسٹیشنوں پر، یا کسی خودکار ٹیلیفون اور/یا ایس ایم ایس، این ایس ڈبلیو ایس ای ایس سوشل میڈیا، یا دروازے پر دستکوں کے ذریعے سنیں۔

یہ بات انتہائی اہم ہے کہ اگر آپ کو انخلا کا کوئی حکم موصول ہو تو آپ جگہ چھوڑ دیں۔

## وادی میں سیلاب کی پیشینگوئی کو بہتربنانا

بیورو آف میٹرولوجی ہاکسبری- نیپیان (Hawkesbury-Nepean) وادی میں سیلاب کی پیشین گوئی کو بہتر بنانے کے لیے کام کررہا ہے تاکہ بہترشدہ ہنگامی منصوبہ بندی اور ردعمل میں مدددی جا سکے۔

اس میں شامل ہے پیشین گوئیوں کو بہتر بنانا، سیلاب کی نئی ماڈلنگ اور سیلابوں کے اوقات، رویے اور اونچائیوں کے بارے میں بہتر سمجھ بوجھ پیدا کرنا۔ نئے نظام کا افتتاح 2019 کے آخر میں متوقع ہے۔